سوال

عطائی صفت بھی شرک ہے کہ نہیں

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اگر کوئی آدمی یہ کہے کہ اللہ اپنی صفت کسی کو دے دے تو یہ شرک نہ ہوگا کیونکہ وہ دی ہوئی صفت عطائی صفت ہوگی جبکہ اللہ ذاتی صفات کا مالک ہے مثلاً اللہ ذاتی لحاظ سے غیب جانتا ہے نبی ﷺ عطائی طور پر غیب جانتے ہیں قرآن وحدیث سے یہ ثابت کریں کہ کیا عطائی صفت بھی شرک ہے کہ نہیں ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

کسی آدمی کے قول ''اللہ اپنی صفت کسی کو دے دے تو شرک نہ ہوگا''کی بنیاد ''اللہ تبارک وتعالیٰ کے اپنی صفت کسی کو دے دینے'' پر ہے تو آپ ان بزرگوں سے دریافت فرمائیں آیا واقعی اللہ تبارک وتعالیٰ نے اپنی کوئی صفت مثلاً غیب دانی کسی کو دی بھی ہے ؟ قرآن مجید اور رسول اللہ ﷺ کی صحیح حدیث سے دلیل پیش فرمائیں اس کا شرک ہونا یا نہ ہونا بعد کا مسئلہ ہے ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام ومسائل

عقائد کا بیان ج1ص 62